TARBIYAH BOOKS FOR Children

نئی نسل کی تعمیر: بچوں میں نماز کی اہمیت اور عادت کو پروان چڑھانے کا عملی رہنما

Bachchon ko Namaaz ka Paband Kaise Banaayein?

# بچوں کو نماز کا پابند کیسے بنائیں؟



**Urdu & Roman English**

- 75 Ideas — 75 آئیڈیاز
- Wazu — وضو
- Namaaz — نماز
- Masjid ke mukammal Aadaab — مسجد کے مکمل آداب




Shaikh Nooruddin Umeri
M.A., Mphil in Arabic

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

TARBIYAH BOOKS FOR Children

نئی نسل کی تعمیر: بچوں میں نماز کی اہمیت اور عادت کو پروان چڑھانے کا عملی رہنما


Bachchon ko Namaaz ka Paband Kaise Banaayein?

# بچوں کو نماز کا پابند کیسے بنائیں؟



**Urdu & Roman English**

- 75 Ideas — 75 آئیڈیاز
- Wazu — وضو
- Namaaz — نماز
- Masjid ke mukammal Aadaab — مسجد کے مکمل آداب




**Shaikh Nooruddin Umeri**
M.A., Mphil in Arabic

Scanned with OKEN Scanner

## Student Information

Name: ................................................................

Father's Name: ................................................................

School Name: ................................................................

Mobile No.: ................................................................



Scanned with OKEN Scanner

Author:
**Shaikh Nooruddin Umeri**
M.A., MPhil in Arabic (+91-93911 38391)
Director - Ocean The ABM School, Hyd.

Design By: **Syed Zabi Uddin Quadri**
(Suffah Graphics. +91-89513 73323)

Publisher: **Tarbiyah Books For Children**
(Hyderabad, T.S)

Price : **Rs. 180 /-**

Published in, **January, 2025.**

Distributor, **Ar Rahman Enterprises**
(+91-9000011970, +91-9700811695)

All rights reserved under the Copyright Act. No part of this book may be reproduced and stored in any form or by any means, electronic or mechanical, including photocopying, without a prior written permission of the publisher.



Scanned with OKEN Scanner

# مقدمہ

اسلام کی پانچ بنیادی ارکان میں سے ایک اہم رکن، نماز، نہ صرف مسلمان کی روحانی حیات کا مرکز ہے بلکہ ان کی روزمرہ زندگی میں نظم وضبط اور اخلاقی تربیت کی بنیاد بھی فراہم کرتی ہے۔ یہ کتاب والدین اور سرپرستوں کے لیے ایک رہنما ہے، جس کا مقصد بچوں کو نماز کی اہمیت اور پابندی کے ساتھ اس کی ادائیگی کی تربیت دینا ہے۔

## والدین کے لیے رہنمائی

بچوں کو عبادت کی طرف راغب کرنا والدین کی اہم ذمہ داریوں میں سے ایک ہے۔ ابتدائی عمر میں بچوں کو نماز اور وضو کی تعلیم دینا ان کی زندگی کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔

بچوں میں نماز کی محبت پیدا کرنے کے مشورے۔

وضو اور نماز کی تعلیم کو کھیل اور روزمرہ معمولات کا حصہ بنانا۔

مساجد میں بچوں کے لیے احترام اور آداب سکھانے کے نکات۔

والدین کو خود نماز کا عملی نمونہ پیش کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ بچے ان کے عمل سے متاثر ہوں اور عبادت کو اپنی زندگی کا لازمی حصہ بنائیں۔ یہ کتاب نہ صرف والدین اور معلمین کے لیے ایک عملی رہنما ہے بلکہ بچوں کے لیے ایک مضبوط روحانی اور اخلاقی بنیاد فراہم کرنے کی کوشش بھی ہے۔ ہماری امید ہے کہ اس کے نتیجے میں ایسے بچے پروان چڑھیں گے جو اپنے ایمان، اخلاق، اور زندگی کے نظم وضبط میں نمایاں ہوں گے۔ نماز، وضو، اور مساجد کی تعلیمات کے ذریعے ان کے دلوں میں اللہ کی محبت پیدا ہوگی اور وہ کامیاب زندگی گزار سکیں گے۔

والسلام

نورالدین عمری یم اے، یم فل

# بچوں کو
# نماز کا پابند
# بنانے کے اہم ٹپس





Scanned with OKEN Scanner

1 اپنے بچوں کو نمازی بنانے کی فکر اپنی شادی سے پہلے کریں اور ایسا اسی وقت ممکن ہو گا جب آپ کا انتخاب نیک بیوی یا نیک شوہر ہو۔

1 **Apne bachchon ko namaazi banaane ki fikr apni shadi se pehle kare aur aisa usi waqt mumkin hoga jab aap ka intikhaab nek biwi ya nek shohar ho.**




2 بچوں کو نماز کا پابند بنانے کے لئے سب سے پہلے ماں باپ کا مخلص ہونا ضروری ہے، جس قدر مخلص ہوں گے اسی قدر راستہ آسان ہوتا جائیگا۔

2 **Bachchon ko namaaz ka paband banaane ke liye sab se pehle maa baap ka mukhlis hona zaroori hai, jis qadar mukhlis honge usi qadar raasta aasaan hota jaayega.**

3 بچوں کو نماز کا پابند بنانے کے لئے خود ماں باپ کا بھی نماز کا پابند ہونا ضروری ہے، اگر ماں باپ نماز نہ پڑھیں اور بچوں سے خواہش کریں کہ وہ نمازی بنیں ممکن نہیں ہے۔

3 **Bachchon ko namaaz ka paband banaane ke liye khud maa baap ka bhi namaaz ka paband hona zaroori hai, agar maa baap namaaz na padhen aur bachchon se khwaahish karein ke woh namaazi bane mumkin nahi hai.**





Scanned with OKEN Scanner

4 اپنے بچوں کے ساتھ پڑوس کے بچوں کو بھی مسجد لے جائیں۔ اس سے بچوں میں نماز کے لئے دوستی ہوگی۔
اکثر بچوں کو دوستوں کے ساتھ مسجد جانا پسند ہوتا ہے۔

4 Apne bachchon ke saath pados ke bachchon ko bhi masjid le jaayein. Iss se bachchon mein namaaz ke liye dosti hogi. Aksar bachchon ko doston ke saath masjid jaana pasand hota hai.



5 اگر والد گھر سے دور رہتے ہوں تو بار بار نماز کا سوال کرتے رہیں۔ کیوں کہ جن بچوں کے والد گھر سے دور رہتے ہیں
ان بچوں کے بگڑنے کے امکانات زیادہ ہیں۔ اس لئے واٹس ایپ پر بار بار جائزہ لیتے رہیں۔

5 Agar waalid ghar se door rehte hain to baar-baar namaaz ka sawaal karte rahiye. Kyun ke jo bachchon ke waalid ghar se door rehte hain un bachchon ke bigadne ke imkaanat zyaada hain. Is liye WhatsApp par baar-baar jaiza lete rahiye.

6 نماز کے معاملے میں نہ حد سے زیادہ سختی کریں نہ حد سے زیادہ نرمی کریں بلکہ درمیانی اصول اپنائیں۔

6 Namaaz ke maamle mein na had se zyaada sakhti karein, na had se zyaada narmi karein, balke darmiyaani asool apnaaiye.

7 بچوں سے کہتے رہیں بیٹا آپ اکیڈمک میں کتنے بھی اچھے ہوں گے
اگر بے نمازی ہو تو کسی کام کے نہیں۔

7 Bachchon se kehte rahiye, Beta, aap academic mein kitne bhi achche hon, agar be-namaazi hota to kisi kaam ke nahi.



8. اپنے بچوں کو ایسی ڈیزائن والی پر کشش کتابیں خرید کر دیں جن میں نماز کا طریقہ ہو۔

8. **Apne bachchon ko aisi design waali purkashish kitaaben khareed kar dein jin mein namaaz ka tareeqa ho.**

9. نماز کی عادت ڈالتے ہوئے حوصلہ افزائی کے طور پر اپنے بچوں کو محبت سے سینے سے لگانا، بوسہ دینا، کندھا تھپتھپانا، پیار سے پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا، پیار سے چمٹا لینا، ہزاروں تحائف سے بہتر ہوتا ہے۔

9. **Namaaz ki aadat daalte huwe hosla-afzaai ke taur par apne bachchon ko mohabbat se seene se lagaana, boosa dena, kandha thap-thapaana, pyaar se peeth par haath pherna, pyaar se chumta lena, hazaaron tahaif se behtar hota hai.**



:

10. اگر آپ کے بچے نماز کے لئے اٹھانے پر بھی نہیں اٹھتے پریشان نہ ہوں بلکہ



- پیار سے بات کریں۔
- بچے کی پیٹھ تھپتھپائیں اور سر کو سہلائیں۔
- اس کے باوجود بھی نہ اٹھے تو اس وقت چھوڑ دیں پھر چار پانچ منٹ بعد دوبارہ جگائیں اسی طرح تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد کوشش کرتے رہیں۔
- پنکھا، اے سی بند کر دیں۔
- کمرے میں لائٹ جلا دیں۔
- بوقت ضرورت چہرے پر پانی چھڑکیں۔
- بچے کو اٹھاتے ہوئے دعا دیں مثلا: اٹھ جاؤ اللہ تمہارا سینہ نور سے بھر دے وغیرہ۔
- جنت کی لالچ اور جہنم سے خوف دلائیں اور بچے کو بتائیں کہ "نماز قبر میں نور کا باعث ہوگی" "اٹھ جاؤ جنت اور جہنم صرف دو ہی ٹھکانا ہے"۔
- کمبل یا لحاف کھینچ لیں اور بچے کو آواز دیتے ہوئے پیار سے ہلائیں۔
- بچے کے لئے اذان والی الارم گھڑی لا کر دیں۔

**10** **Agar aap ke bachche namaaz ke liye uthaane par bhi nahi uthaate to pareshaan na hon, balke:**

- Pyaar se baat karein.
- Bachche ki peeth thap-thapaayein aur sar ko sehlaayein.
- Us ke bawajood bhi na uthe to us waqt chhor dein, phir chaar paanch minute baad dubaara jagaayein, isi tarah thodi thodi der ke baad koshish karte rahen.
- Fan, AC band kar dein.
- Kamre (room) mein light jalaa dein.
- Waqt zaroorat chahre par paani chidkaayein.
- Bachche ko uthte huwe dua dein, maslan: "Uth jao, Allah tumhaara seena noor se bhar de" aur doosre wazaaif.
- Jannat ki lalach aur Jahannam se khauf dilaayein aur bachche ko bataayein ke "Namaaz qabar mein noor ka baais hogi" "Uth jao, jannat aur jahannam sirf do hee thikaana hai".
- Qambal ya lehaaf kheench lein aur bachche ko awaaz dete huwe pyaar se hilaayein.
- Bachche ke liye Azaan waali alarm watch laakar dein.






**11** جو بچہ پہلے اٹھے اور پہلے نماز ادا کرے اس کے لئے خاص انعام مقرر کریں۔

**11** Jo bachcha pehle uthe aur pehle namaaz adaa kare, us ke liye khaas inaam mukarrar karein.

**12** ماں کے بالمقابل باپ کی ہیبت بچوں کے دل میں زیادہ ہوتی ہے، لہذا جب آپ گھر میں موجود ہوں تو آپ خود بچوں کو نماز کے لئے کہیں ساری ذمہ داری ماں پر نہ ڈال دیں۔

**12** Maa ke bal-muqaabil baap ki hibaat bachchon ke dil mein zyaada hoti hai, lehaaza jab aap ghar mein maujood hon to aap khud bachchon ko namaaz ke liye kahein saari zimmedaari maa par na daal dein.



Scanned with OKEN Scanner

13 والدین کو چاہئے کہ بچوں کو نماز کی تربیت میں ایک دوسرے پر منحصر نہ ہو جائیں کیونکہ یہ ماں باپ دونوں کی ذمہ داری ہے اور بروز قیامت ہر ایک اپنی ذمہ داری کے بارے میں سوال کیا جائے گا دوسرے کی نہیں چنانچہ قیامت کے دن جواب دینے کی تیاری کر لیں۔

13 **Waalidain ko chahiye ke bachchon ko namaaz ki tarbiyat mein ek doosre par munhasar na ho jaayein, kyun ke yeh maan baap dono ki zimmedari hai aur qayamat ke roz har ek apni zimmedaari ke baare mein sawaal kiya jaayega, doosre ki nahi. Isliye qayamat ke din jawaab dene ki tayyaari kar lein.**

14 بچوں کو نماز کا پابند بنانے کے لئے شروع میں چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد فوراً کچھ نہ کچھ انعام دیا جائے، چاہے چاکلیٹ وغیرہ ہی کیوں نا ہو۔

14 **Bachchon ko namaaz ka paband banaane ke liye shuroo mein chahiye ke har farz namaaz ke baad fauran kuch na kuch inaam diya jaaye, chahe chocolate waghera hee kyun na ho.**



15 کچھ دن کے بعد انعام دن میں ایک بار اکٹھا پانچوں وقت کی نماز پڑھنے پر دیا جائے۔

15 **Kuch din ke baad inaam den mein ek baar ikattha paanch waqt ki namaaz parhne par diya jaaye.**

16 جب آپ کا بچہ بذات خود نماز کی پابندی شروع کر دے تو انعام ہفتہ واری پھر ماہانہ جیسا آپ مناسب سمجھیں دیں۔ یاد رہے کہ انعام دینے میں اعتدال برتا جائے اور بچوں کو ذہن نشین کرایا جائے کہ نماز قائم کرنا اللہ کا حکم ہے۔

16 **Jab aap ka bachcha bazaate khud namaaz ki pabandi shuroo kar de, to inaam haftawari phir mahaana jaisa aap munaasib samjhein dein. Yaad rahe ke inaam dene mein i'tidaal barta jaaye aur bachchon ko zehan-nashen karaaya jaaye ke namaaz qayam karna Allah ka hukm hai.**

17 نماز کی پابندی کرنے پر دادا، ماموں، چچا وغیرہ رشتہ داروں اور ہم عمر بچوں کے سامنے بچے کی تعریف کریں اس سے نماز اور عمل صالح میں اس کی رغبت بڑھے گی۔

**17** **Namaaz ki pabandi karne par daada, maamo, chacha waghera rishtedaaron aur ham umar bachchon ke saamne bachche ki tareef karein. Is se namaaz aur amal saleh mein us ki raghbat barh jaayegi.**



18 والدین اپنے بچوں کے ساتھ کتنے ہی نرم کیوں نا ہوں لیکن جب نماز کا حکم دے رہے ہوں تو ان کی ہیبت بچوں پر قائم ہونی چاہئے، اور بچوں میں نماز کے تعلق سے کاہلی دیکھیں تو والدین کا چہرہ اللہ کی رضا کے لئے غصہ سے لال ہو جانا چاہئے۔

**18** **Waalidain apne bachchon ke saath kitne hi narm kyun na hon, lekin jab namaaz ka hukm de rahe hon to unki hibaat bachchon par qaaim honi chaahiye, aur bachchon mein namaaz ke ta'lluq se kaahili dekhein to waalidain ka chehra Allah ki raza ke liye gussa se laal ho-jaana chahiye.**

19 بچوں کے لئے وضو اور نماز کی تعلیم سے متعلق جاذب و دلکش کتابیں اور ویڈیوز کا انتظام کریں۔

**19** **Bachchon ke liye wazu aur namaaz ki taaleem se mutalliq jaazib-o-dilkash kitaaben aur videos ka intizaam karein.**

20 مناسب انعام رکھ کر پڑوس کے بچوں کے ساتھ مسجد میں نماز کی پابندی کا مسابقہ منعقد کریں۔

**20** **Munaasib inaam rakh kar pados ke bachchon ke saath masjid mein namaaz ki pabandi ka musabqah munqidh karein.**



21 والدین کو چاہیئے کہ خود نماز کی پابندی کر کے اپنی اولاد کے لئے آئیڈیل بنیں۔

21 **Waalidain ko chaahiye ke khud namaaz ki pabandi karke apni aulaad ke liye ideal banain.**



22 نماز کی پابندی کرنے والے کو ایک خاص مقام دیں، جیسے مشورہ کرنا، اپنے ساتھ رکھنا یا کچھ ایسے اختیارات دیں تاکہ وہ بے نمازیوں سے منفرد رہے۔

22 **Namaaz ki pabandi karne waale ko ek khaas muqaam dein, jaise mashwara karna, apne saath rakhna ya kuch aise ikhtiyaraat dein taakeh woh be-namaaziyon se munfarid rahe.**

23 خاندانی اجتماعات (Family Gathering) کے موقعہ پر چھوٹے بڑے سب کو اکٹھا کر کے باجماعت نماز ادا کیا

23 **Khan-daani ijtima'at (family gatherings) ke mauqe par chhote-bade sab ko ikattha karke ba-jama'at namaaz adaa kiya karein.**



24 جب بھی آپ فرض نماز ادا کرنے کا ارادہ کریں اپنے بچوں سے بھی اسی وقت ادا کرنے کے لئے کہیں تاکہ بچے ایک ساتھ اکٹھا ہو سکیں۔

24 **Jab bhi aap farz namaaz adaa karne ka iraada karein, apne bachchon se bhi usi waqt adaa karne ke liye kahein taakeh bachche ek saath ikattha ho sakein.**



25 اپنے بچوں سے کہیں کہ: نماز تمہیں غیر مسلموں سے ممتاز کرتی ہے۔ نماز ہی سے مسلم اور غیر مسلم کا فرق ہوتا ہے۔

25 **Apne bachchon se kahein: "Namaaz tumhein ghair-Muslimo se mumeetaz karti hai. Namaaz hi se Muslim aur ghair-Muslim ka farq hota hai.**

26 بغیر کسی کے کہے اگر آپ کا بچہ نماز پڑھنا شروع کر دے تو اللہ کا اور اس بچے کا شکریہ ادا کریں۔

26 **Agar aapka bachcha baghair kisi ke kehne se namaaz parhna shuroo kare, to Allah ka aur us bachche ka shukriya adaa karein.**

27 اپنے بچوں پر نماز کے لئے اتنی ہی محنت کیجئے جتنی پڑھائی کے لئے کرتے ہیں بلکہ نماز کے لئے کچھ زیادہ ہی محنت کیجئے۔

27 **Apne bachchon par namaaz ke liye utni hi mehnat ki jaaye jitni padhaai ke liye ki jaati hai, balke namaaz ke liye thoda zyaada mehnat bhi ki jaaye.**



28 اگر گھر کرائے پر لینا ہو تو مسجد کے قریب لیں۔

28 **Agar ghar kiraaye par lena ho to masjid ke qareeb lein.**

29 اگر گھر خریدنا ہو تو مسجد کے قریب خریدیں۔

29 **Agar ghar khareedna ho to masjid ke qareeb khareeden.**





30 مسجد میں ہونے والے پروگرامس میں اپنے ساتھ بچوں کو لے جائیں۔

**30** **Masjid mein hone waale programs mein apne saath bachchon ko le jaayein.**

31 مغرب اور عشا کی نماز کے لئے اپنے ساتھ بچوں کو لے جائیں۔

**31** **Maghrib aur Isha ki namaaz ke liye apne saath bachchon ko le jaayein.**



32 دس روپئے دے کر بچوں سے صابن خریدنے
ٹکڑے کر کے مسجد کے وضو 3 لگائیں۔ صابن کے
خانے میں رکھنے لگائیں۔

**32** **Das (10) rupee de kar bachchon se sabun (soap) khareedne lagain. Sabun (soap) ke teen tukde kar ke masjid ke wuzu khaane mein rakhne lagain.**

33 بچوں سے کہیں کہ جب تک لوگ صابنسے ہاتھ دھوتے رہیں گے ان کا اجر ملتا رہیگا۔

**33** **Bachchon se kahein ke jab tak log sabun (soap) se haath dhote rahenge, unka ajr milta rahega.**



34 بچوں سے کہیں کہ آپ کے محلے کی مسجد میں
کتنے صف ہیں گن کر ائیں۔

**34** **Bachchon se kahein ke aapke mohalle ki masjid mein kitne saff hain gin kar aayen.**



Scanned with OKEN Scanner

35 بچوں کو فجر کی نماز میں کتنے لوگ مسجد آتے ہیں گننے لگائیں۔

35 Bachchon ko Fajr ki namaaz mein kitne log masjid aate hain ginne lagaayein.

36 جمعہ کے دن اپنے ساتھ لے جائیں دس روپے مسجد کے صدقہ باکس میں ڈالنے کہیں۔

36 Jumu'ah ke din apne saath le-jaayen das rupee masjid ke sadaqah box mein daalne ke liye.




37 اگر مسجد میں صدقہ باکس نہ ہو تو مسجد کے باہر جو
فقرا کھڑے ہوتے ہیں ان کو صدقہ کرنے کہیں۔

37 Agar masjid mein sadaqah box na ho to masjid ke baher jo faqra khade hote hain unko sadaqah dene ke liye kahein.

38 مسجد کے امام صاحب سے ملاقات کرائیں۔

38 Masjid ke imaam Sahab se mulaqaat karaayein.

39 مسجد کے امام صاحب سے وقتاً فوقتاً بات کرائیں۔

39 Masjid ke imaam Sahab se waqta fa-waqta baat karaayein.

40 اپنے بچوں کو علمائے کرام سے ملاقات کرائیں ان کے فون
نمبرات رکھنے کے لئے کہیں۔

40 Apne bachchon ko ulama-e-kiraam se mulaqaat karaayein. Unke phone numbers rakhne ke liye kahin.



41 اگر گھر میں کسی دن اچھا پکوان بنے تو ایک دن محلے کی مسجد کے موذن صاحب کو بچوں کے ذریعہ ٹفن بھیجیں۔اس سے موذن صاحب اور بچوں کے درمیان اچھے تعلقات قائم ہوں گے۔

41 **Agar ghar mein kisi din achcha pakwaan bane toh ek din mohalle ki masjid ke muazzin sahab ko bachchon ke zariye tiffin bhejen. Is se muazzin sahab aur bachchon ke darmiyaan achche taluqaat qaim honge.**




42 اگر مسجد کو ماہانہ تعاون دیتے ہوں تو اپنے بچوں کے نام سے رسید بنائیں۔

42 **Agar masjid ko mahaana taawoon dete hain to apne bachchon ke naam se rasheed banaayen.**

43 بچوں کو مسجد میں اذان دینے لگائیں۔

43 **Bachchon ko masjid mein Azaan dene lagaayen.**

44 مسجد میں مکتب چلتا ہو تو اپنے بچوں کو شریک کرائیں۔

44 **Masjid mein maktab chalta hota toh apne bachchon ko shareek karaayen.**

45 مکتب کے بچوں کو اپنے بچے کے ذریعہ کبھی کبھی چاکلیٹ تقسیم کرائیں۔اور بچوں سے کہیں کہ یہ اپ کے بیٹے یا بیٹی کی طرف سے تحفہ ہے۔



45 **Maktab ke bachchon ko apne bachche ke zariye kabhi-kabhi chocolate taqseem karaayen. Aur bachchon se kahen ke yeh aap ke bete ya beti ki taraf se tohfa hai.**



Scanned with OKEN Scanner

46 گھروں میں بچوں کو امام بنا کر نماز ادا کریں۔

46 Gharo mein bachchon ko imaam bana kar namaaz adaa karein.

47 اگر اچھی آواز سے پڑھائیں تو ان کی تعریف کریں اور انعام بھی دیں۔

47 Agar achchi awaaz se padhaayein to unki taareef karein aur inaam bhi dein.



48 گھر میں نماز کے لئے ایک خاص جگہ بنائیں۔

48 Ghar mein namaaz ke liye ek khaas jagah banaayein.

49 گھر کے دیوار پر نماز کے ٹائم ٹیبل لٹکائیں۔

49 Ghar ke deewar par namaaz ke Time Table latkaayein.

50 اگر گھر میں جگہ ہو تو ایک مقام خاص کر دیں اور ہمیشہ جائے نماز بچھا کر رکھیں۔

50 Agar ghar mein jagah hoti hai to ek mawaqay khaas kardain aur hamesha jaye namaz bichha kar rakhein.

51 ایسی گھڑی لگائیں جو وقت ہونے پر اذان دے۔

51 Aisi ghari (clock) lagaayen jo waqt hone par Azaan de.

52 گھروں میں والدہ ہال میں جائے نماز بچھا کر بلند آوز سے نماز ادا کرے۔

52 Gharon mein waalida hall mein jaaye namaaz bichakar buland awaaz se namaaz adaa kare.





Scanned with OKEN Scanner

53 بچوں کے لئے چھوٹے چھوٹے جائے نماز تحفہ دیں۔

53 Bachchon ke liye chhote-chhote jaanimaaz tuhfa dein.

54 اگر بچے نماز پڑھائیں تو ان کی نماز ریکارڈ کر کے انہیں بتائیں۔

54 Agar bachche namaaz parhayein to unki namaaz record karke unhein bataayein.



55 یوٹیوب پر چھوٹے چھوٹے بچے امامت کرتے ہیں ان کو بتائیں۔

55 YouTube par chhote-chhote bachche imaamat karte hain unko bataayein.

56 اپنے گھر میں نماز کا یک چارٹ لٹکائیں، جس میں ہر نماز کے بعد نشان Tick لگایا جائے۔

56 Apne ghar mein namaaz ka ek chart latkaayein, jis mein har namaaz ke baad nishaan (tick) lagaaya jaaye.




57 بچوں کو نماز کی دعائیں یاد دلائیں۔ مسائل بھی سمجھائیں۔
کیوں کہ کسی چیز کا علم نہ تو اس کا شوق پیدا کرنا مشکل ہے۔

57 Bachchon ko namaaz ki duayein yaad dilaayein. Masaa'il bhi samjhaayein. Kyun ki kisi cheez ka ilm na ho toh uska shauq paida karna mushkil hai.

58 آپ کے دل میں بچوں کی اللہ کے لئے حقیقی محبت ہونی چاہیے، ایسی محبت جو آپ کو اس بات پر اکسائے کہ آپ انہیں جنت کا راستہ دکھلائیں اور ہاتھ پکڑ کر جنت کی طرف لے جائیں اور جہنم سے انہیں بچائیں۔

58 Aap ke dil mein bachchon ki Allah ke liye haqeeqi mohabbat honi chaahiye, aisi mohabbat jo aap ko iss baat par aksaaye ke aap unhein Jannat ka raasta dikhlaayein aur haath pakar-kar Jannat ki taraf le jaayein aur Jahannam se unhein bachaayein.



Scanned with OKEN Scanner

59 اللہ پر بھروسہ اور حسن ظن رکھیں کہ آپ نے جس کار خیر کی ابتدا کی ہے اسے وہ ضرور پورا کرے گا، اور آپ کو آپ کے مقصد میں کامیاب کرے گا اور آپ کی اولاد کو صالح بنادے گا۔

**59** **Allah par bharosa aur husn-e-zan rakhein ke aap ne jis kaar-e-khair ki ibtedaa ki hai, usey woh zaroor poora karega, aur aap ko aap ke maqsad mein kamiyaab karega aur aap ki aulaad ko saleh bana dega.**

60 صرف پانچ سال محنت کر لیں پھر پوری زندگی آرام کریں، اور قابل مبارکباد ہیں وہ والدین جو اپنے بچوں کو کم عمری میں نماز کا پابند بنادیں، خاص کر بڑے بچے کو۔

**60** **Sirf paanch saal mehnat kar lein phir poori zindagi aaram karein, aur qaabil mubarakbaad hain woh waalidain jo apne bachchon ko kam umri mein namaaz ka paband bana dein, khaas kar bade bachche ko.**



61 اپنے بچوں کو چھوٹی چھوٹی سورتیں یاد کرائیں اور ان کا معنی مطلب بھی سمجھائیں تاکہ وہ اسے یاد کر کے نماز ادا کریں۔

**61** **Apne bachchon ko chhoti chhoti suratein yaad karaayein aur unka matlab bhi samjhaayen taake woh usey yaad karke namaaz adaa karein.**

62 وقت پر نماز پڑھنے میں آپ اپنے بچے کی مدد کریں۔

**62** **Waqt par namaaz padhne mein aap apne bachche ki madad karein.**

63 دوپہر کا کھانا ظہر یا عصر کے وقت بالکل نہ کھائیں۔

**63** **Dopaher ka khana zohar ya asr ke waqt bilkul na khaayein.**



Scanned with OKEN Scanner

64 شام کا کھانا عشاء کے وقت نہ کھائیں بلکہ نماز سے پہلے یا بعد میں کھائیں۔

**64 Shaam ka khaana isha ke waqt na khaayein, balke namaaz se pehle ya baad mein khaayein.**

65 جب آپ کا بچہ گھر سے باہر ہو، بیمار ہو، سفر میں ہو، کسی سے ملنے گیا ہو، امتحانات کے دن ہوں، چھٹی یا شب بیداری کے دن ہوں، یا کسی رشتہ دار کے پاس سویا ہو تو بھی نماز کے معاملہ میں سستی نہ کریں۔

**65 Jab aap ka bachcha ghar se baher ho, bimaar ho, safar mein ho kisi se milne gaya ho, imtehanaat ke din hon, chhuti ya shabe bidari ke din hon, ya kisi rishtedaar ke paas soya ho to bhi namaaz ke maamle mein susti na karein.**

66 نماز کا وقت ہونے سے بیس منٹ پہلے اپنے بچوں کو نماز کی تیاری کے لئے کہیں تاکہ آپ کے بچے تکبیر اولیٰ پانے کے عادی ہو جائیں، اور ایک دو رکعت نماز چھوٹنا بھی انہیں گوارہ نہ ہو۔

**66 Namaz ka waqt hone se bees (20) minutes pehle apne bachchon ko namaaz ki tayyaari ke liye kahen taake aap ke bachche takbeere oola paane ke aadi ho jaayein, aur ek do (2) rakaat namaaz chhutna bhi unhein gawaara na ho.**





Scanned with OKEN Scanner

67 اللہ کی مدد کے بعد گھر کے ان تمام لوگوں کی مدد لیں جن پر نماز فرض ہے جیسے: دادا، دادی، چچا، چچی اور نوکر وغیرہ، تاکہ وہ لوگ بھی آپ کے بچوں کو نماز کا پابند بنانے میں آپ کی مدد کریں۔

67 **Allah ki madad ke baad ghar ke un tamaam logon ki madad lein jin par namaaz farz hai jaise: daada, daadi, chaachaa, chaachi aur naukar waghera, taake woh log bhi aap ke bachchon ko namaaz ka paband banaane mein aap ki madad karein.**

68 اپنے بچوں کو نماز اور دیگر عبادات جیسے قرآن کی تلاوت، صدقہ دینے اور عمرہ کرنے کی عادت ڈال کر بڑوں کی اطاعت کا انہیں عادی بنا دیں۔

68 **Apne bachchon ko namaaz aur digar ibaadat jaise Qur'an ki tilaawat, sadaqah dene aur umrah karne ki aadat daal kar baron ki itaat ka unhein aadi bana dein.**

69 بڑے ہو کر کس طرح کی مسجد تعمیر کرنے والے ہیں اس کا ایک پلان یا خاکہ Draw کرنے لگائیں۔

69 **Bade hokar kis tarah ki masjid tameer karne waale hain is ka ek plan ya khaka (design) draw karne lagain.**



70 اپنے بچوں کو مسجد کی صاف صفائی کے کام لگائیں۔

70 **Apne bachchon ko masjid ki saaf safaayi ke kaam lagaayein.**

71 ہر سال اپنے محلے کی مسجد میں کچھ نہ کچھ اپنے بچوں کے نام سے اپنی حیثیت کے مطابق گفٹ کرتے رہیں۔

71 **Har saal apne mahalle ki masjid mein kuch na kuch apne bachchon ke naam se apni haisiyat ke mutaabiq gift karte rahen.**





Scanned with OKEN Scanner

72 جب کبھی کسی مسجد کی خریدی اراضی یا تعمیر مسجد کا اعلان ہو تو اپنے بچوں کے نام سے تعاون کرتے ہوئے بچوں کے نام سے رسید بنائیں۔

72 **Jab kabhi kisi masjid ki kharidi arazi ya tameer masjid ka elaan hota hai toh apne bachon ke naam se taawoon karte huwe bachchon ke naam se raseed (receipt) banaayen.**

73 مسجد کے صدقہ باکس میں بچوں کے ذریعہ کچھ پیسے ڈالتے رہیں۔

73 **Masjid ke sadaqah box mein bachchon ke zariye kuch paise daalte rahen.**

74 مساجد میں چالیس دن تک اقامت کے ساتھ نماز پڑھنے پر سائکل وغیرہ کے انعامات کے مقابلے رکھیں۔

74 **Masaajid mein 40 din tak iqaamat ke saath namaaz parhne par cycle waghera ke inamaat ke muqable (compitations) rakhein.**









Scanned with OKEN Scanner

75 اپنے بچوں کو مختلف اوقات میں ان آیات کو پڑھ کر سنایا کریں جن میں نماز کا حکم دیا گیا ہے:

75 **Apne bachchon ko mukhtalif waqton mein un ayaat ko parh kar sunaaya karein jin mein namaaz ka hukm diya gaya hai.**

وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ

اور نمازوں کو□□□□ □□□□ — سورة البقرة 43

حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلَاةِ الْوُسْطَىٰ وَقُومُوا لِلَّهِ قَانِتِينَ

نمازوں کی حفاظت کرو، بالخصوص درمیان والی نماز کی اور اللہ تعالیٰ کے لئے باادب کھڑے رہا کرو۔ — سورۃ البقرۃ، 238

قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّىٰ * وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّىٰ

بیشک اس نے فلاح پالی جو پاک ہو گیا * اور جس نے اپنے رب کا نام یاد رکھا اور نماز پڑھتا رہا۔ — سورۃ اعلیٰ 14 -15

وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِينَ

اور نمازوں کو قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو۔ — سورۃ البقرۃ 43

يَا بُنَيَّ أَقِمِ الصَّلَاةَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا أَصَابَكَ إِنَّ ذَٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ

اے میرے پیارے بیٹے! تو نماز قائم رکھنا، اچھے کاموں کی نصیحت کرتے رہنا، برے کاموں سے منع کیا کرنا اور
جو مصیبت تم پر آجائے صبر کرنا (یقین مانو) یہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے۔ — سورۃ لقمان 17

وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذَٰلِكَ ذِكْرَىٰ لِلذَّاكِرِينَ

دن کے دونوں سروں میں نماز قائم کر اور رات کی کئی ساعتوں میں بھی، یقیناً نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں۔
یہ نصیحت ہے نصیحت پکڑنے والوں کے لئے۔ — سورۃ ھود 114

وَجَعَلَنِي مُبَارَكًا أَيْنَ مَا كُنْتُ وَأَوْصَانِي بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ مَا دُمْتُ حَيًّا

اور اس نے مجھے بابرکت کیا ہے جہاں بھی میں رہوں، اور اس نے مجھے نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا ہے جب تک میں
زندہ رہوں۔ — سورۃ مریم 31

فَوَيْلٌ لِلْمُصَلِّينَ * الَّذِينَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ

ان نمازیوں کے لئے افسوس (اور ویل نامی جہنم کی جگہ) ہے * جو اپنی نماز سے غافل ہیں۔ — سورۃ ان لماعو 4-5



Scanned with OKEN Scanner

# میری نماز





Scanned with OKEN Scanner

## وضو کے احکامات

س وضو کیا ہے؟

ج وضو ایک عبادت ہے جو نماز اور قرآن کو چھونے کے لئے پاکیزگی حاصل کرنے کے لئے کی جاتی ہے، اور یہ سنت نبوی ﷺ کے مطابق کیا جاتا ہے۔



س وضو کیوں کرنا چاہیے؟

ج اللہ تعالیٰ نے قرآن میں وضو کرنے کا حکم دیا ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ "...سورہ المائدہ: 6 (وضو نماز کی قبولیت کے لئے شرط ہے۔)

## وضو نماز کی قبولیت کے لئے شرط ہے۔



س وضو کن چیزوں سے ختم ہو جاتا ہے؟

ج وضو ان چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے۔

1} ہوا خارج ہونا۔

2} پیشاب یا پاخانہ کرنا۔

3} نیند (جس میں مکمل سکون ہو)۔

4} جن چیزوں سے غسل واجب ہوتا ہے۔

5} بدن سے خون یا پیپ کا نکلنا، اگر یہ بہہ جائے۔



Scanned with OKEN Scanner

س وضو کرتے وقت کیا غلطیاں نہیں کرنی چاہئیں؟

ج 1} وضو کو جلدی جلدی نہ کریں۔

2} وضو کے ارکان چھوڑنا گناہ ہے، جیسے کسی عضو کو دھونا بھول جانا۔

3} پانی کا اسراف نہ کریں، کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا: پانی ضائع نہ کرو، چاہے تم بہتے ہوئے دریا کے پاس وضو کر رہے ہو۔ ابن ماجہ

---



س وضو کے فرائض کیا ہیں؟

ج 1} چہرہ دھونا۔

2} دونوں ہاتھ کہنیوں تک دھونا۔

3} سر کا مسح کرنا۔

4} دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔ یہ قرآن سے ثابت ہے: (سورہ المائدہ:6)

---



س وضو میں مسنون عمل کیا ہیں؟

ج 1} وضو کے آغاز میں "بِسْمِ اللّٰهِ" کہنا۔

2} کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈال کر صاف کرنا۔

3} ہر عضو کو تین بار دھونا۔

4} وضو کے آخر میں دعا پڑھنا:

"أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

---

س وضو کا مقصد کیا ہے؟

ج وضو بندے کو اللہ کے قریب کرتا ہے اور اسے عبادت کے لئے پاکیزہ بناتا ہے۔

**س** وضو کرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہئے؟

**ج** 1} وضو کو سکون سے اور مکمل ترتیب سے کریں۔

2} وضو کے دوران بات نہ کریں۔

3} ہر عضو کو اچھی طرح دھوئیں تاکہ پانی تمام حصے کو پہنچے۔



**س** وضو کے بغیر کیا عبادات نہیں کی جاسکتیں؟

**ج** 1} نماز نہیں پڑھی جاسکتی۔

2} قرآن کو ہاتھ نہیں لگاسکتے، لیکن زبانی تلاوت کی اجازت ہے۔

3} طواف نہیں کیا جاسکتا۔



**س** وضو کب تک باقی رہتا ہے؟

**ج** وضو اس وقت تک باقی رہتا ہے جب تک اسے توڑنے والی کوئی چیز نہ ہو۔

**س** وضو کرتے وقت نیت ضروری ہے؟

**ج** ہاں، نبی ﷺ نے فرمایا: "اعمال کا دارومدار نیت پر ہے۔" (بخاری، مسلم)

وضو کرتے وقت دل میں نیت ہونی چاہئے کہ یہ اللہ کی عبادت کے لئے ہے۔

**س** وضو کرتے وقت ہنسنا یا کھیلنا کیسا ہے؟

**ج** وضو عبادت ہے، اس دوران ہنسنا یا کھیلنا مناسب نہیں۔ یہ خشوع اور سنجیدگی کے ساتھ کیا جانا چاہئے۔

**س** وضو کرتے وقت پانی ضائع کرنا کیسا ہے؟

**ج** پانی ضائع کرنا حرام ہے، نبی ﷺ نے ہمیں اس سے منع کیا ہے۔

**س** کیا وضو کے بغیر مسجد میں داخل ہو سکتے ہیں؟

**ج** جی ہاں، وضو کے بغیر مسجد میں جاسکتے ہیں، لیکن قرآن کو چھونے یا نماز پڑھنے کے لئے وضو ضروری ہے۔

## وضو کا طریقہ

دل میں وضو کی نیت کریں۔ وضو شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ کہیں۔ پھر تین بار دونوں ہاتھوں کو دھوئیں۔ پھر انگلیوں کے درمیان خلال کریں۔ پھر تین بار دائیں ہاتھ میں ایک چلو پانی لے کر آدھے سے کلی کریں اور آدھے کو ناک میں چڑھائیں اور بائیں ہاتھ سے ناک جھاڑیں۔ پھر تین مرتبہ مکمل چہرہ دھوئیں۔ پھر تین بار پہلے دایاں اور پھر بایاں بازو کہنی سمیت دھوئیں۔ پھر دونوں ہتھیلیوں کو پانی سے تر کر کے سر کا مسح کریں (یعنی دونوں ہتھیلیوں کو پیشانی سے لے کر سر کے پیچھے گدی تک لے جائیں اور اسی طرح پیشانی تک واپس لائیں)۔ پھر شہادت کی انگلیوں سے کان کے اندر اور انگوٹھوں سے کان کے باہر کا مسح کریں۔ پھر تین بار دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھوئیں۔ پھر بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے پیر کی انگلیوں کے درمیان خلال کریں۔

---

نوٹ:۔ اگر وضو کی کوئی جگہ خشک (سوکھی) رہ گئی ہو تو وضو نہیں ہو گا۔ اور اعضائے وضو زیادہ سے زیادہ تین مرتبہ دھوئیں۔

## وضو کے بعد کی دعا



أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ

وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ۔

اللَّهُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ التَّوَّابِينَ

وَاجْعَلْنِي مِنَ الْمُتَطَهِّرِينَ

(Sunan Tirmidhi: 55)

نوٹ:۔ دوران وضو کسی عضو کی کوئی مخصوص دعا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان نہیں فرمائی۔

# نماز کے مختصر احکامات





Scanned with OKEN Scanner

**س** نماز کیا ہے؟

**ج** نماز اللہ تعالیٰ سے بات کرنے کا طریقہ ہے، جو ہمیں دن میں پانچ بار ادا کرنی ہوتی ہے۔



**س** نماز کے اہم ارکان کون سے ہیں؟

**ج** نماز کے اہم ارکان یہ ہیں

{1 نیت کرنا۔

{2 قیام (کھڑے ہونا)۔

{3 سورہ فاتحہ پڑھنا۔

{4 رکوع کرنا۔

{5 سجدہ کرنا۔

{6 تشہد (التحیات) پڑھنا۔

{7 نماز کے آخر میں سلام پھیرنا۔

**س** نماز کی شرطیں کیا ہیں؟

**ج** {1 وضو ہونا۔

{2 پاک کپڑے اور جگہ کا ہونا۔

{3 جسم کا ستر ڈھانپنا۔

{4 قبلہ رخ ہونا۔

{5 نماز کا وقت داخل ہونا۔

{6 نیت کرنا۔





**س** نماز کن چیزوں سے ختم ہو جاتی ہے؟

**ج**
1} وضو ٹوٹ جائے۔
2} جان بوجھ کر بات کریں۔
3} ہنسنا۔
4} بہت زیادہ حرکت کرنا۔
5} رخ قبلہ سے ہٹ جانا۔
6} نماز کا کوئی رکن چھوڑ دینا۔

---

**س** نماز میں کیا چیزیں نہیں کرنی چاہئیں؟

**ج**
1} جان بوجھ کر کھیلنا یا ہنسنا۔
2} بار بار کپڑے یا جسم کو چھونا۔
3} نظر اِدھر اُدھر گھمانا۔
4} بلا ضرورت کھڑے ہونا یا بیٹھنا۔
5} اونچی آواز سے کسی کو بلانا۔

---

**س** نماز میں خشوع کیوں ضروری ہے؟

**ج** اللہ صرف اس نماز کو قبول کرتا ہے جو دل لگا کر پڑھی جائے۔

---

**س** اگر نماز میں خیال بھٹک جائے تو کیا کریں؟

**ج** اعوذ باللہ " پڑھیں اور اللہ کی طرف توجہ دیں۔

---

**س** کیا نیت زبان سے کرنی چاہیے؟

**ج** نہیں، نیت دل میں کریں،
کیونکہ نبی ﷺ نے زبان سے نیت کرنے کا حکم نہیں دیا۔

س کیا نیت زبان سے کرنی چاہیے؟

ج نہیں، نیت دل میں کریں، کیونکہ نبی ﷺ نے زبان سے نیت کرنے کا حکم نہیں دیا۔

س نماز میں نظر کہاں ہونی چاہئے؟

ج سجدے کی جگہ پر۔

س کیا نماز کے ارکان کو ترتیب سے ادا کرنا ضروری ہے؟

ج جی ہاں، ارکان کو ترتیب سے ادا کرنا ضروری ہے کیونکہ نبی ﷺ نے ہمیں ایسا ہی سکھایا ہے۔

س نماز کی سنتیں کون سی ہیں؟



ج
{1 رفع الیدین (ہاتھ اٹھانا)۔
{2 سورت فاتحہ کے بعد سورت پڑھنا۔
{3 اعتدال کے ساتھ رکوع اور سجدہ کرنا۔
{4 آخری تشہد میں دعائیں پڑھنا۔

س کیا وضو کے بغیر نماز ہو سکتی ہے؟

ج نہیں، وضو کے بغیر نماز نہیں ہو سکتی۔

س کیا نماز وقت سے پہلے یا بعد میں پڑھ سکتے ہیں؟

ج نماز کو وقت پر پڑھنا ضروری ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہر نماز کا وقت مقرر کیا ہے۔

س کیا مسجد میں کھیلنا جائز ہے؟

ج نہیں، مسجد اللہ کا گھر ہے، وہاں سکون سے رہنا چاہیے اور عبادت کرنی چاہیے۔



Scanned with OKEN Scanner

س نماز کے لئے قبلہ رخ ہونا کیوں ضروری ہے؟

ج کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ نماز کے لئے خانہ کعبہ کی طرف رخ کریں۔



س کیا نماز بغیر سلام کے مکمل ہوتی ہے؟

ج نہیں، سلام نماز کا اہم رکن ہے، اور اس کے بغیر نماز مکمل نہیں ہوتی۔

س اگر نماز میں کوئی رکن بھول جائے تو کیا کریں؟

ج سجدہ سہو کریں تاکہ نماز مکمل ہو جائے۔

س نماز چھوڑنے کا کیا نقصان ہے؟

ج نماز چھوڑنے والا اللہ کی ناراضی کا مستحق ہوتا ہے اور اس کا ایمان کمزور ہو جاتا ہے۔

س کیا نماز کے دوران دعا کر سکتے ہیں؟

ج جی ہاں، سجدے میں یا آخری تشہد میں دعا کر سکتے ہیں، لیکن وہ دعائیں جو نبی ﷺ نے سکھائی ہیں۔


س کیا نماز میں سورہ فاتحہ پڑھنا ضروری ہے؟

ج جی ہاں، سورہ فاتحہ ہر رکعت میں پڑھنا فرض ہے
کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا نماز اس شخص کی
نہیں ہوتی جس نے سورہ فاتحہ نہ پڑھی۔
(بخاری، مسلم)





# نماز کا طریقہ






Scanned with OKEN Scanner

## قیام: نماز شروع کرنے سے پہلے قبلہ رخ کھڑے ہوں۔



دل میں نماز کی نیت کریں۔ نیت کے الفاظ زبان سے ادا کرنا غلط ہے۔



اپنی دونوں ہتھیلیاں نہ زیادہ پھیلائیں اور نہ زیادہ چمٹائیں بلکہ درمیانی درجہ میں رکھیں۔ قبلہ رخ رکھتے ہوئے کندھوں تک اٹھائیں۔ اَللّٰهُ اَكْبَر کہیں اور دایاں ہاتھ بائیں پر رکھ کر سینے پر باندھیں اور یہ دعا پڑھیں:



سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ
وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالَى
جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ

(Sunan Tirmidhi: 243)

## پھر تعوذ پڑھیں:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

اس کے بعد سورت فاتحہ پڑھیں



Scanned with OKEN Scanner

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ﴿1﴾ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿2﴾
الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ﴿3﴾ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ﴿4﴾ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ
نَسۡتَعِيۡنُ ﴿5﴾ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ﴿6﴾ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ
اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ﴿7﴾



"اللہ کے نام کے ساتھ جو بے حد مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔
تمام تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو سب جہانوں کا رب ہے۔ جو نہایت مہربان، بڑا رحم والا ہے۔ بدلے کے دن کا مالک ہے۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھی راہ پر چلائے رکھ۔ ان کی راہ جن پر تو نے انعام کیا، نہ کہ ان لوگوں کی راہ جن پر غضب کیا گیا اور نہ ان لوگوں کی راہ جو گمراہ ہوئے۔"

سورت فاتحہ کے بعد آمین کہیں۔

آمین کا معنی ہے "اے اللہ! تو قبول فرما!"

